Urdu - 10th Class Urdu Chapter 9 Preparation

Q1. لوگ کہانی کی مختصر تعریف کیجیے

Ans 1: ایسی خیالی اور تصوراتی کہانی جسے کسی کے قلم نے تحریر تو نہ کیا ہو لیکن نسل درنسل سفر کرتی ہوئی سینہ بہ سینہ منتقل ہو لوک کہانی کہلاتی ہے یہ کہانیاں دنیا کی ہرادبی زبان کا حصہ ہیں

Q2. شفیع عقیل کہاں پیدا ہوئے.

Ans 1: شفیع عقیل لاہور میں پیدا ہوئے.

Q3. کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا

Ans 1: کسان نے چغل خور کو روٹی کپڑا اور چھ ماہ بعد ایک چغلی کھانے کی شرائط پر ملازم رکھا

Q4. چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہ کر بدگمان کیا

Ans 1: چغل خور نے کسان کی بیوی سے یہ کہ کر اس کا شوہر کوڑھی ہو گیا ہی بدگما کیا ساتھ ہی اسے کوڑھ والے مرض کی نشانیاں بھی بتادیں

Q5. چغل خور اپنا گاوٗں چھوڑ کر دوسرے گاوں کیوں گیا

Ans 1: جب چغل خور مسلسل نا کامیوں سے تنگ آگیا اور نوبت واقعی فاقوں تک آپہنچہی تو اس نے کہیں اور قسمت آزمانے کیلئے گاؤں کو چھوڑ دیا

Q6. چغل خور کے مصنف کا نام کیا ہے.

Ans 1: چغل خور کے مصنف کا نام شفیع عقیل ہے.

Q7. چغل خور کسان کا کون کون سا کام کرتا تھا

Ans 1: چغل خور کسان کے کھیتوں میں ہل چلاتا کھیتوں کو پانی دیتا بیلوں کے لیے چارا کاٹتا گاہی اور کسان کے دوسرے کاموں میں اس کا ہاتھ بٹاتا تھا

Q8. چغل خور نے کسان کی بیوی کو کون سی خبردی

Ans 1: چغل خور نے کسان کی بیوی سے یہ ثغلی کھائی کہ کسان کوڑھی ہوگیا ہے اس نے آج تک اپنی بیماری تم سے چھپائی ہے

Q9. چغل خور کے تصنیف کا نام کیا ہے.

Ans 1: یہ پنجابی لوک داستانیں کی تصیف ہے.

Q10. چغل خور نے کسان کے سالونکے پاس جا کر کیا باتیں کیں

Ans 1: چغل خور نے کسان کے سالوں کو بتیا کہ کسان روزانہ دوپہر کو ان کی بہن کو سب کے سامنے مارتا ہے